## آزاد کشمیر کے قائم مقام صدر سلیم بٹ نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

آزاد کشمیر کے قائمقام صدر اور آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں حق پرست ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ جمعرات کے روز تین روزہ دورے پر کراچی پہنچ گئے۔ جہاں انہیں مکمل سرکاری پروٹوکول دیا گیا۔ بعدازاں وہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پہنچے تو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، انیس قائمخانی، وسیم آفتاب، کنور خالد یونس، نیک محمد، اشفاق منگی، سلیم تاجک اور سیف یار خان کے علاوہ حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، آزاد کشمیر کے وزیر سیاحت طاہر کھوکھر، رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی اور ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان و کارکنان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں جبکہ کارکنوں نے متحدہ قومی موومنٹ اور قائد تحریک الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔ اس سے قبل سلیم بٹ نے مزار قائد پر حاضری دی اور مقامی قبرستان جا کر قائد تحریک الطاف حسین کے والدین کے علاوہ شہداء قبرستان میں ایم کیو ایم کے شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں میڈیا سے بات چیت کرتے قائمقام صدر آزاد کشمیر سلیم بٹ نے کہا کہ میں یہاں قائد تحریک الطاف حسین رابطہ کمیٹی اور ایم کیو ایم کے کارکنوں سے اظہار تشکر کرنے کیلئے آیا ہوں جن کی وجہ سے میں آج اس اعلیٰ مقام پر پہنچا ہوں یہ سب کارکنان کی محنت کا نتیجہ ہے کہ آج ایم کیو ایم کے کارکن بھی بڑے سے بڑے عہدے پر پہنچ چکے ہیں یہ ہی الطاف حسین کی قیادت کا کرشمہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر اور کراچی میں کشمیر کے حوالے سے 60 سال زیر التواء کام اب حق پرست قیادت مکمل کرنے کی کوشش کر رہی ہے جس میں سے بعض میں اسے کامیابی بھی حاصل ہوئی ہے اور جن کا بہت جلد اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر عنقریب سوات، مردان اور دیگر متاثرہ علاقوں کا دورہ کرینگے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ کشمیر میں طالبانائزیشن کا کوئی خدشہ یا خطرہ نہیں ہے، کشمیر دراصل پاکستان ہے طالبانائزیشن کے حوالے سے حکومت پاکستان کی جو پالیسی ہے حکومت آزاد کشمیر اس کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں سیاحت کے فروغ کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سید شعیب احمد بخاری نے کہا کہ سلیم بٹ کا آزاد کشمیر کا قائمقام بننا ایک معجزہ ہے ہم نے معجزے سنے تھے معجزہ ہوتے ہوئے اب دیکھا ہے۔ الطاف حسین کے اس مکان پر جو آیا اسے کچھ نہ کچھ ضرور ملا ہے عنقریب آزاد کشمیر میں مستقل حق پرست صدر بھی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے سب سے پہلے آصف علی زرداری کو صدر پاکستان کیلئے نامزد کیا تھا اور کہا تھا کہ یہ میرے امیدوار ہیں۔ پاکستان سے آزاد کشمیر تک الطاف حسین نے جس کسی بھی جس عہدے کیلئے بھی نامزد کیا اس نے کامیابی حاصل کی۔

## بلدیہ ٹاؤن بڑے پیمانے پر ترقیاتی کاموں پر ٹاؤن ناظم کامران اختر، تمام یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلروں کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

## حق پرست نمائندوں نے سڑکوں،، پارکس، لان، مونومنٹ کی تعمیر اور فراہمی نکاسی آب کے منصوبوں کی تکمیل سمیت بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کرکے علاقے کی شکل بدل کر رکھ دی ہے

لندن۔۔۔21 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے چار سالہ بلدیاتی کارکردگی کی رپورٹ کے اجراء پر کراچی کے بلدیہ ٹاؤن کے ناظم کامران اختر اور ٹاؤن کے تمام یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست نمائندوں نے تحریک کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے بلدیہ ٹاؤن میں سڑکوں کی تعمیر، فراہمی نکاسی آب کے منصوبوں کی تکمیل، پارکس، لان، مونومنٹ کی تعمیر سمیت جس طرح بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کرائے ہیں اس نے علاقے کی شکل بدل کر رکھ دی ہے جس پر میں بلدیہ کے حق پرست ٹاؤن ناظم کامران اختر، تمام یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلروں اور ٹاؤن کے تمام عملے کے ارکان کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ حق پرست نمائندے اسی طرح عوام کی خدمت اور تعمیر و ترقی کے کاموں میں رات دن کوشاں رہیں گے۔

## نعیم میندرو کی سربراہی میں جسقم کا وفد خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور شاکر علی سے ملاقات کی

کراچی ۔۔۔ 21 مئی 2009ء ۔۔۔

جئے سندھ قومی محاذ کے مرکزی فنانس سیکریٹری نعیم مندرو کی سربراہی میں پانچ رکنی نمائندہ وفد نے بدھ کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور شاکر علی سے ملاقات کی اور جسقم کی جانب سے 23 مئی کی پرامن ہڑتال میں شرکت کی دعوت دی۔ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں نصف گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں ملک خصوصاً صوبہ سندھ کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور سندھ کے وسیع تر مفاد میں آئندہ بھی ایم کیوایم، جسقم رابطے جاری رکھنے پر زور دیا۔ مہمان وفد میں آصف بالادی، خلیل انصاری، نورالدین جمالی، ڈاکٹر عزیز سومرو اور کراچی ڈویژن کے آرگنائزر الٰہی بخش بھی شامل تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور جوائنٹ انچارج ورکن سندھ اسمبلی نثار پہنور بھی موجود تھے۔ وفد نے سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ میں ہونے والے آپریشن کے نتیجے میں لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کی نقل مکانی کر کے سندھ اور کراچی میں آبادکاری پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو بتایا کہ نقل مکانی کر کے آنے والوں کا کسی قسم کا کوئی ریکارڈ محفوظ نہیں کیا جارہا ہے اور نہ ہی ان کی رجسٹریشن کی جارہی ہے جس سندھ کے عوام میں تشویش کی لہر پائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نقل مکانی کرنے والوں میں بڑی تعداد طالبان دہشتگردوں کی ہے جو اپنے خودکار ہتھیاروں کے ساتھ سندھ میں منتقل ہورہے ہے جس کی وجہ سے آئندہ سندھ میں امن وامان کو شدید خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ اور کراچی میں آبادکاری کیخلاف جئے سندھ قومی محاذ بشیر قریشی کی قیادت میں سندھ میں 23 مئی سندھ بھر میں پرامن ہڑتال کی کال دی ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ ایم کیوایم اس پرامن ہڑتال میں ہمارے ساتھ شامل ہوگی۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کے ارکان کی گذارشات کو توجہ کے ساتھ سنی اور اپنی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ وسیم آفتاب نے کہا کہ نقل مکانی کرنے والے متاثرین کی رجسٹریشن یقینی بنائی جائے۔ ربطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کو نائن زیرو پر تشریف لانے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور انہیں یقین دلایا کہ سندھ دھرتی کو طالبانائزیشن کے بچانے کیلئے کیلئے ایم کیوایم جسقم کو بھرپور ساتھ دے گی۔

## کراچی سے گرفتار خطرناک دہشتگردوں سے ملنے والی معلومات کی روشنی میں فی الفور کاروائی کی جائے، رابطہ کمیٹی

## کراچی سے القاعدہ اور لشکر جھنگوی کے دو خطرناک دہشتگردوں کی گرفتاری پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش

کراچی ۔۔۔ 21 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی سے القاعدہ اور لشکر جھنگوی کے دو خطرناک دہشتگردوں کی گرفتاری پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ دہشتگردوں سے ملنے والی معلومات کی روشنی میں کراچی سے طالبانائزیشن کا مکمل خاتمہ کر کے شہریوں کو اس عفریت سے نجات دلائی جائے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جمعرات کے روز سی آئی ڈی پولیس نے کراچی کی مشرف کالونی سے القاعدہ اور لشکر جھنگوی سے تعلق رکھنے والے دو خطرناک دہشتگردوں امجد اور محمد عاصم عرف بابو کو گرفتار کیا ہے اور ان کے قبضے سے جدید ترین اسلحہ اور خودکش حملے میں استعمال ہونے والی جیکٹیں اور دستی بم بھی برآمد ہوئے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین بہت پہلے ہی کراچی میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کے خطرات کا اظہار کر دیا تھا اور آج گرفتار ہونے والے دہشتگرد اس امر کا ثبوت ہیں کہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش جاری ہے اور طالبانائزیشن کے حوالے قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات سو فیصد درست ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ گرفتار دہشتگردوں کے ناپاک عزائم نہ صرف کراچی اور اس کے شہریوں کے جان و مال کیلئے سنگین خطرہ ہے بلکہ یہ ملک کی سالمیت اور سلامتی کیلئے بھی ایک سوالیہ نشان ہے۔ گرفتار دہشت گرد اغواء برائے تاوان اور ڈکیتوں میں بھی ملوث تھے اور اہم جگہوں کہ اپنا ہدف بنانا چاہتے تھے تاکہ شہر میں امن کو تہس نہس کیا جائے اور یہاں طالبانائزیشن کی راہ ہموار کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور ملکی سلامتی کیلئے کام کرنے والے سیکورٹی ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں گرفتار خطرناک دہشتگردوں سے ملنے والی معلومات کی روشنی میں فی الفور کاروائی کی جائے ان دہشتگردوں کی پشت پناہی کرنے والے لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ افراد کیخلاف سخت کاروائی کی جائے۔

## طالبان کی حمایت کرنے والے نام نہاد سیاسی و مذہبی رہنما پوری قوم کے مجرم ہیں، افتخار اکبر رندھاوا

## طالبان کی حمایت کرنے والوں کو طالبان کے ہاتھوں معصوم بیٹی کی پیٹھ پہ پڑنے والے کوڑے، بزرگان دین کے مزارات پر برسنے والے بم، قبروں سے نکال کر درختوں سے لٹکائی گئی لاشیں، بچیوں کے تباہ شدہ سکول، گردن کٹی لاشیں اور ننھے منے معصوم بچوں کو کھلونا بم سے اڑایا جانا دکھائی کیوں نہیں دیتا؟

## صوبہ سرحد کے مصیبت زدہ خاندانوں کو زبانی دعوے اور فوٹو سیشن کرانے والوں کی نہیں بلکہ عملی مدد کی ضرورت ہے

لندن۔۔21 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اگر ملک دشمن طالبان کی حمایت کرنے والوں کو طالبان کے ہاتھوں معصوم بیٹی کی پیٹھ پہ پڑنے والے کوڑے، بزرگان دین کے مزارات پر برسنے والے بم، قبروں سے نکال کر درختوں سے لٹکائی گئی لاشیں، بچیوں کے تباہ شدہ سکول، سڑکوں پر گردن کٹی لاشیں اور ننھے منے معصوم بچوں کو کھلونا بم سے اڑایا جانا دکھائی نہیں دے رہا تو پھر ایک دن عوام اور وقت ان خودغرض راہنماؤں سے اپنا حساب ضرور لیں گے۔ طالبان کی حمایت کرنے والے ملک دشمنوں کے دوست ہیں، ان کو ملک کی سلامتی اور معصوم شہریوں کی زندگیوں سے کوئی پیار نہیں ہے۔ افتخار اکبر رندھاوا نے مزید کہا کہ جو سیاسی و مذہبی رہنما ملک دشمن درندہ صفت طالبان کی حمایت میں احتجاجی کیمپ لگا رہے ہیں اور مظاہرے کر رہے ہیں وہ صوبہ سرحد میں طالبان کے ہاتھوں شہید کیے جانے والے فوجی افسروں، جوانوں اور دیگر سینکڑوں معصوم شہریوں کے بہیمانہ قتل میں برابر کے شریک ہیں۔ ان مفاد پرست اور بزدل رہنماؤں کے گھناؤنے چہرے عوام کے سامنے نہ صرف بے نقاب ہو گئے ہیں بلکہ قوم ان کے جھوٹے قول و فعل اور مکر و فریب سے بھرے گھناؤنے کردار و عمل سے اچھی طرح واقف بھی ہوگئی ہے۔ افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ صوبہ سرحد کے مصیبت زدہ خاندانوں کو زبانی دعوے کرنے والوں اور فوٹو کھنچوانے والوں کی نہیں بلکہ عملی مدد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد سیاسی جماعت ہے جس کے کارکن قائد جناب الطاف حسین کے حکم پر دن رات ایک کر کے صوبہ سرحد کے بے گھر ہو جانے والے اپنے بہن بھائیوں کیلئے امدادی سامان جمع کر کے بھیج رہے ہیں۔ انہوں نے صاحب حیثیت افراد سے اپیل کی کہ وہ اس کار خیر میں اپنی بساط سے بڑھ کر حصہ لیں کیونکہ آج ہمارے پیارے ملک کو اسی جذبے اور یکجہتی کی ضرورت ہے۔

## عوام و کارکنان ARY گروپ کے چیئرمین حاجی عبدالرزاق کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

کراچی۔۔۔20 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے آر وائی گروپ کے چیئرمین حاجی عبدالرزاق کی علالت پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حاجی عبدالرزاق کی ناسازی طبیعت پر اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ انہوں نے حق پرست عوام و ایم کیو ایم کے کارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ حاجی عبدالرزاق کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرین کی امداد کیلئے امدادی سامان پی آئی اے کارگو کے ذریعے اسلام آباد روانہ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کے متاثرین کو امداد کی ترسیل کیلئے اب پی آئی اے کارگو کا استعمال بھی شروع کر دیا ہے، اس سے قبل خدمت خلق فاؤنڈیشن متاثرین کی امداد فوجی طیارے C-130 سے بھی بھیج چکی ہے۔ جمعرات کے روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی سید شعیب احمد بخاری نے دو بڑے ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان پی آئی اے پرواز PK-308 کے ذریعے کراچی سے اسلام آباد روانہ کیا جو نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ذریعے متاثرین تک پہنچا دی جائے گی۔ امدادی سامان میں بڑی تعداد میں مختلف سائز کے واٹر کولر اور منرل واٹر بھی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ملک کا وہ واحد ادارہ ہے جس نے سب سے پہلے زمینی راستے کے بعد اپنی امداد کی ترسیل کیلئے فضائی راستہ اختیار کیا۔

## ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی CBA اور پروگریسو ایسوسی کے نمائندہ وفد کی حیدر عباس رضوی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔21 مئی 2009ء

ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی CBA اور پروگریسو ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد نے قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے حق پرست گروپ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی سے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کی اور HBFC کی نجکاری پر محنت کشوں میں پائی جانیوالی بے چینی اور تشویش سے آگاہ کیا۔ملاقات میں ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں وفد کے ارکان نے ادارے کی نجکاری کے بارے میں تفصیل سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ HBFC کی نجکاری رکوانے میں اپنا کردار ادا کرے۔حیدر عباس رضوی نے نمائندہ وفد کی گذاشات کو غور سے سنا اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا کہ ایم کیوایم محنت کشوں کے ساتھ ہے اور ان کے جائز حق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرے گی۔انہوں نے کہا کہ HBFC 1952 میں اس وقت کی قانون ساز اسمبلی سے ایک ایکٹ کے تحت وجود میں آیا تھا جس کا مقصد غریب اور کم آمدنی والے بے گھر پاکستانیوں کو گھر فراہم کرنا تھا،اس ادارے نے اپنے محدود وسائل کے باوجود احسن طریقے سے اپنا کام پورا کیا اور آج تک لاکھوں پاکستانیوں کو گھر فراہم کیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج جمہوری دور حکومت میں جہاں حکومت 10 لاکھ افراد کو گھر فراہم کرنے کا اعلان کررہی ہے جبکہ مالی تعاون فراہم کرنے والے ادارے کو نجکاری کے ذریعے منصوبے کو خاک میں ملایا جارہا ہے جسے ادارے کے محنت کش کسی صورت قبول نہیں کرینگے۔انہوں نے کہا کہ ان حقائق کی روشنی میں HBFC کی نجکاری غریب عوام بلکہ محنت کشوں کیساتھ سراسر ظلم وذاتی ہے جس کے باعث ہزاروں خاندان فاقہ کشی کی کربناک زندگی گزارنے پر مجبور ہوجائیں گے۔صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ HBFC کی نجکاری کی سازش کا نوٹس لیا جائے اور ادارے کے محنت کشوں کے روزگار کو یقینی بنایا جائے۔

## کراچی سمیت ملک بھر میں طالبان کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کا نوٹس لیا جائے،ایم کیوایم یو ایس اے

کراچی ۔۔۔21 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ یونائیٹڈ اسٹیٹ آف امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کا ایک اجلاس گزشتہ روز مرکزی دفتر میں منعقد ہوا جس میں ملک کے شمالی حصوں کے بعد پنجاب اور سندھ خصوصاً کراچی میں طالبان کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔اجلاس میں ایم کیوایم امریکہ سینٹرل کے آرگنائزر کمال ظفر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کے صفحہ اول کے امریکی جریدے ٹائمز کے ایک حالیہ مضمون میں ایم کیوایم کے اس دعوے کی تصدیق کی گئی ہے کہ پنجاب،سندھ اور خصوصاً کراچی میں طالبان کی سرگرمیوں میں بے پناہ اضافہ ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ایک طویل عرصے سے حکومت اور عوام کی توجہ اس جانب مبذول کروارہے ہیں لیکن کچھ سیاسی حلقے صرف ایم کیوایم کی مخالفت کی بناء پر عوام کو گمراہ کررہے ہیں اور نہ صرف ان بیانات کو سنجیدگی سے نہیں لے رہے بلکہ طالبان کی سرگرمیوں کی پردہ پوشی بھی کررہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ وقت نے قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات کو آج درست ثابت کردیا ہے اور اب دنیا بھر کا میڈیا پنجاب،سندھ اور کراچی میں طالبانائزیشن کے بڑھتے ہوئے سائے محسوس کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عدم توجہی کی بناء پر آج کراچی کے بعض علاقے طالبان کی محفوظ آماجگاہ بن چکے ہیں اور کچھ مذہبی اور سیاسی جماعتیں ان کی مدد بھی کررہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے حکومت پاکستان سے اپیل کی کہ بین الاقوامی میڈیا میں پیش کی جانے والی اطلاعات کا فوری نوٹس لیا جائے اور کراچی سے طالبانائزیشن کا خاتمہ کیا جائے۔

## ایم کیوایم ماری پور سیکٹر کے کارکن بابو لال محمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔21 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ماری پور سیکٹر کے کارکن بابو لال محمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ بابو لال محمد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔21مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ماری پور سیکٹر کے کارکن بابو لال، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے شہید کارکن ڈاکٹر منصور کی والدہ مجیدأبی، ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر بزرٹہ لائن یونٹ کے کارکن نصیر احمد کی والدہ حسینہ بیگم، ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون مورو کے کارکن اختر علی لغاری کے والد عبدالعزیز لغاری اور ایم کیوایم خیر پور زون کمیٹی کے رکن جمشید علی سومرو کی نانی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆